8

مہاجرین، پناہ گزین اور بلا حیثیت عورتوں کے فیملی لاء کے مسائل

URD 008/**2014**

اونٹیریو میں خواتین کے لیئے فیملی لاء

تمام خواتین۔ ایک فیملی لاء۔
اپنے حقوق جانیئے

flew Family Law Education for Women
Women's Right to Know

fodf Femmes ontariennes et droit de la famille
Le droit de savoir

مہاجرین، پناہ گزین اور بلا حیثیت عورتوں کے فیملی لاء کے مسائل

اس کتابچے کا مقصد آپ کو قانونی مسائل کے حوالے سے بنیادی معلومات فراہم کرنا ہے۔ یہ انفرادی قانونی صلاح و مشورے اور تعاون کا متبادل نہیں ہے۔ اگر آپ کو عائلی قوانین سے متعقلہ مسائل کا سامنا ہے توہمارا مشورہ یہ ہے کہ آپ اپنے ممکنہ اختیارات سے آگاہی حاصل کرنے اور اپنے حقوق کا تحفظ کرنے کے لیے جلد از جلد قانونی تعاون حاصل کریں۔ عائلی قوانین کے وکیل کی تلاش اور معاوضے کی ادائیگی کے حوالے سے مزید معلومات حاصل کرنے کے لیے ہمارا کتابچہ بعنوان ”عائلی قوانین سے متعلق آپ کے مسئلے کے لیے تعاون حصول “ (Finding Help with your Family Law Problem) ملاحظہ کریں۔ آپ ہمارے ”خاندانی قانون کے وکیل کی تلاش “اور تارکین وطن کے مسائل کے حوالے سے موجود ویبینار بھی دیکھ سکتی ہیں۔ یہ تمام سہولیات ہماری ویب سائٹ www.onefamilylaw.ca پر دستیاب ہیں۔

خاندان کا ٹوٹنا یا بکھرنا ایک مشکل اور کشیدگی والا تجربہ ہوتا ہے۔ اگر آپ یا آپ کا ساتھی کسی اور ملک سے کینیڈا آئے ہوں تو یہ رشتہ ختم کرتے وقت آپ دونوں کو عائلی قانون اور تارکین وطن سے متعلق مسائل کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ مثال کے طور پر آپ کو ممکنہ طور پر معاشی تعاون کے حوالے سے فیصلہ کرنا ہوگا، بچوں کے لیے انتظامات کرنے ہوں گے اور خاندانی جائیداد کی تقسیم کرنی ہوگی۔ اگر آپ کینیڈا کے شہری نہیں ہیں، تو آپ کی امیگریشن کی حیثیت آپ کے ساتھی یا خاندان کے کسی دیگر فرد سے وابستہ ہو سکتی ہے۔ اس صورت میں آپ کو درج ذیل امکانات کے بارے میں سوچنا پڑے گا:

- آیا کہ آپ کینیڈا میں قیام کر سکتی ہیں یا نہیں؛
- کہیں آپ کو اپنے بچوں سے علیحٰدہ تو نہیں ہونا پڑے گا؛
- اگر آپ کو آپ کے ساتھی نے اسپانسر کیا ہے اور آپ رشتہ ختم کر رہی ہیں تو آپ اپنا گزارا کس طرح کریں گی۔

عائلی عدالت میں حقوق

عائلی قوانین کے تحت، تارکین وطن، پناہ گزین اور نان سٹیٹس خواتین کے حقوق و فرائض، کینیڈا میں پیدا ہونے والی خواتین کے مساوی ہوتے ہیں۔ جب آپ اپنے ساتھی سے علیحدگی اختیار کرتی ہیں تو آپ عدالت میں جا کر بچے کی تحویل یا رسائی، بچوں کے خرچے یا اپنے شریک زندگی سے نان نفقہ حاصل کرنے کے لیے درخواست دائر کر سکتی ہیں اور ساتھ ہی ساتھ خاندانی جائیداد میں حصہ طلب کرنے کے لیے بھی عدالت سے رجوع کر سکتی ہیں۔ آپ اپنی امیگریشن کی حیثیت سے قطع نظر عائلی عدالت سے رجوع کر سکتی ہیں۔

عدالتی کاروائی میں شرکت کرنے کے لیے آپ کو اپنی شناخت کروانا ہوگی۔ اگرچہ آپ کو

عائلی قوانین کے حوالے سے دیگر خواتین کے مساوی حقوق حاصل ہیں، لیکن اگر آپ کینیڈا میں قانونی حیثیت کی حامل نہیں تو آپ امیگریشن کے افسران کی نظروں میں آجائیں گی اور ہو سکتا ہے کہ آپ کو ملک بدر کر دیا جائے۔ آپ کا کینیڈا میں قیام کرنے کا حق آپ کی امیگریشن کی حیثیت پر منحصر ہے۔ اپنا اور اپنے بچوں کا تحفظ کرنے کے لیے آپ کو اپنے حقوق اور اختیارات سے آگاہ ہونا چاہئے۔

رشتے کا ٹوٹنا اور امیگریشن کے حوالے سے تشویشات

رشتہ ختم ہونے پر آپ کے کینیڈا میں قیام کرنے کا حق آپ کی امیگریشن کی حیثیت پر منحصر ہوتا ہے۔ قانون کے اس شعبے میں کافی پیچیدگیاں آ گئی ہیں۔ اگر آپ کے خیال میں آپ کی امیگریشن کی حیثیت خطرے میں ہے تو یہ بے حد اہم ہے کہ آپ فوری طور پر اپنے قانونی اختیارات و حقوق جاننے کے لیے کسی امیگریشن وکیل سے رابطہ کریں۔

مستقل رہائشی

اگر آپ کے ساتھی (بشمول ہم جنس ساتھی) نے آپ کو مستقل رہائشی بنانے کے لیے اسپانسر کیا ہو اور آپ کا رشتہ مستقل شہریت کا حق ملنے سے **قبل** ختم ہوجائے، تو آپ کی امیگریشن کی حیثیت خطرے میں پڑ سکتی ہے اور آپ کو کینیڈا سے نکالا جا سکتا ہے۔

اگر آپ پہلے سے ہی مستقل شہری ہوں اور رشتہ ختم ہونے پر آپ کی مستقل شہریت پر کسی قسم کی شرائط کا اطلاق نہ ہوتا ہو تو آپ اپنے ساتھی سے علیحدگی کی بنیاد پر یہ حیثیت نہیں کھو سکتیں اور نہ ہی آپ کو کینیڈا سے نکالا جا سکتا ہے۔ یہ اصول اس صورت میں بھی برقرار رہے گا جب آپ کے ساتھی نے ہی آپ کو کینیڈا آنے کے لیے اسپانسر کیا ہو۔

اگر آپ کے ساتھی نے آپ کو مستقل شہری بنانے کے لیے اسپانسر کیا ہو اور اپنے اسپانسر سے آپ کا رشتہ ختم ہوجائے تو اس صورت میں بھی آپ کو مستقل شہریت کا حق ملنے کے بعد، آپ کا اسپانسر اگلے 3 سال تک معاشی طور پر آپ کا بوجھ اٹھانے کا ذمہ دار ہوگا۔ اگر آپ کا اسپانسر، اسپانسرشپ کی تین سالہ مدت کے دوران آپ کا خرچہ نہ اٹھائے یا اٹھانے سے قاصر ہو تو آپ اپنا گزارا کرنے کے لیے سماجی تعاون کے لیے درخواست دائر کر سکتی ہیں۔

اگر آپ نے اپنے ساتھی کو اسپانسر کیا ہو اور آپ کا رشتہ ختم ہوجائے، تو یہ بات آپ کے علم میں ہونی چاہئے کہ اسپانسر شپ کی تین سالہ مدت ختم ہونے تک اپنی/اپنے ساتھی کا معاشی طور پر بار اٹھانے کی ذمہ داری آپ پر عائد ہوگی۔ اگر وہ اپنے اسپانسر شپ کی مدت کے دوران، سماجی تعاون کی خدمات حاصل کر لے تو آپ دونوں کے ایک ساتھ نہ ہونے کی صورت میں بھی، ممکنہ طور پر آپ کو یہ رقم حکومت کو واپس کرنا ہوگی۔

مشروط مستقل رہائشی

بعض اسپانسر شدہ ساتھیوں کو مستقل شہریت کی درخواست منظور ہونے کے بعد دو سال تک کے عرصے کے لیے مشروط مستقل شہریت دی جاتی ہے۔ **مشروط مستقل شہریت** کا مطلب یہ ہے کہ مستتقل شہریت ملنے کے بعد اسپانسر کرنے والے اور اسپانسر شدہ دونوں ساتھیوں کو دو سال کے عرصے کے لیے ایک حقیقی تعلق کی صورت میں ایک ساتھ رہنا ہوگا۔ اگر اس دو سالہ مدت کے دوران رشتہ ٹوٹ جائے تو وہ ساتھی جسے اسپانسر کیا گیا ہو، اپنی مستقل شہریت کی حیثیت کھو سکتا/سکتی ہے۔

ساتھیوں پر مشروط مستقل شہریت کا اطلاق صرف تب ہو گا جب:

- ان کی اسپانسرشپ کی درخواست **25 اکتوبر 2012** کو یا اس کے بعد جمع کروائی گئی ہو؛ اور
- ان کے درخواست جمع کرواتے وقت رشتے کی مدت دو **سال یا اس سے کم** ہو؛ اور
- درخواست جمع کرواتے وقت **ان دونوں کی کوئی مشترکہ اولاد نہ ہو۔**

درخواست جمع کروانے کے بعد اگر آپ کے ہاں اولاد کی پیدائش ہو تو اس امر سے مذکورہ شرط پر کوئی فرق نہیں پڑے گا۔ اس شرط کا اطلاق ان ازدواجی اسپانسرشپ درخواستوں پر ہوتا ہے جو کینیڈا میں یا بیرون ملک سے جمع کروائی گئی ہوں۔

مشروط شہریت کے تقاضے کے لیے کچھ **استثناء** موجود ہیں۔ اگر آپ شواہد فراہم کر سکیں تو آپ یہ شرط ہٹوا سکتی ہیں، اگر:

- آپ کے اسپانسر کی موت واقع ہوجائے؛
- آپ کا رشتہ آپ کے اسپانسر کے آپ کے ساتھ، یا آپ کے بچوں کے ساتھ، یا آپ کے ساتھ گھر میں رہنے والے کسی رشتے دار کے ساتھ بدسلوکی کرنے یا نظر انداز کرنے کی وجہ سے ختم ہو جائے؛ یا

- آپ کا اسپانسر، آپ کو یا آپ کے بچوں کو، یا آپ کے ساتھ رہنے والے رشتے دار کو کسی ایسے فرد کی جانب سے کی جانے والی بدسلوکی یا زیادتی سے تحفظ فراہم کرنے میں ناکام رہے جس سے اس اسپانسر کا رشتہ ہو۔

بدسلوکی، جسمانی، جنسی، معاشی اور/یا نفسیاتی ہو سکتی ہے۔ نظر انداز کرنے کا مطلب یہ ہے کہ ضروریات زندگی، جیسا کہ غذا، لباس، طبی نگہداشت، رہائش وغیرہ فراہم کرنے میں ناکامی اور کسی ایسی چیز کا فراہم نہ کر سکنا جس کے نتیجے میں شدید نقصان پہنچنے کا خطرہ ہو۔

a. میں مشروط مستقل شہریت سے استثناء حاصل کرنے کے لیے درخواست کیسے جمع کروا سکتی ہوں؟

مزید معلومات حاصل کرنے کے لیے یا مشروط مستقل شہریت سے استثناء کی درخواست جمع کروانے کے لیے، 1-888-242-2100 پر سٹیزن شپ اینڈ امیگریشن کینیڈا (**Citizenship and Immigration Canada – CIC**) سے رابطہ کریں۔

اپنے اسپانسر کی موت کی صورت میں استثناء کی درخواست جمع کروانے کے لیے آپ کو موت کا ثبوت پیش کرنا ہوگا اور ساتھ میں یہ بھی ثابت کرنا ہوگا کہ اپنے اسپانسر کی موت واقع ہونے تک آپ دونوں حقیقی رشتے میں ایک ساتھ زندگی گزار رہے تھے۔

بدسلوکی یا نظرانداز کیے جانے کی صورت میں استثناء کی درخواست جمع کروانے کے لیے سب سے پہلے آپ کو رشتہ ختم کرنا ہوگا۔ جب آپ امیگریشن آفیسر سے رابطہ کریں تو اسے زیادہ سے زیادہ معلومات فراہم کریں تاکہ بدسلوکی یا نظرانداز کیا جانا ثابت ہو سکے۔ مختلف اقسام کے شواہد میں مندرجہ ذیل شامل ہیں:

- پولیس میں کی جانے والی رپورٹس
- طبی رپورٹس
- دارالامان برائے خواتین کی کارکن یا دیگر سماجی تعاون کے کسی فرد کی جانب سے تحریر کردہ خط
- عدالتی دستاویزات
- تصاویر، ای میلز، وائس میلز
- گواہوں کی جانب سے خطوط یا حلف نامے

آپ کو یہ بھی ثابت کرنا ہوگا کہ اپنے اسپانسر کی بدسلوکی یا نظر انداز کیے جانے کی وجہ سے رشتہ ختم ہونے تک آپ دونوں حقیقی رشتے میں ایک ساتھ زندگی گزار رہے تھے۔ ان حقائق کو مندرجہ ذیل طریقوں سے ثابت کیا جا سکتا ہے:

- اہم دستاویزات جس سے یہ معلوم ہوتا ہو کہ آپ کا اور آپ کے اسپانسر کا پتہ ایک ہی تھا (ڈرائیورز لائسنس، ہیلتھ کارڈ، یوٹیلٹی بل)
- مشترکہ فائننشیل اسٹیٹمنٹ (بینک اکاؤنٹس، کریڈٹ کارڈز، لیز یا جائیداد کی ملکیت)
- ایسے افراد کی جانب سے تحریر کردہ خطوط جو آپ کو جوڑے کے طور پر جانتے تھے

اگر آپ اپنے اسپانسر سے تعلق ختم کرنے کا سوچ رہی ہیں تو آپ کی امداد اور تحفظ کے لیے یہ بے حد ضروری ہے کہ آپ خواتین کے کسی ادارے یا دارالامان کی خدمات حاصل کریں اور فوری طور پر امیگریشن کے وکیل سے قانونی صلاح طلب کریں۔

b. 2 سال کی مشروط مدت ختم ہونے کے بعد کیا ہوگا؟

اگر آپ مشروط مستقل شہریت کی حامل تھیں اور آپ دو سال کی مدت کینیڈا میں اپنے اسپانسر کے ساتھ رہتے ہوئے گزار چکی ہیں، تو آپ بغیر کسی اضافی شرائط کے مستقل رہائشی کا درجہ حاصل کر لیں گی۔ صرف اپنے ساتھی سے علیحدگی اختیار کرنے کی بنیاد پر آپ اپنی مستقل شہریت کی حیثیت نہیں کھو سکتیں اور نہ ہی آپ کو کینیڈا سے نکالا جا سکتا ہے۔ اسپانسرشپ کی 3 سالہ مدت ختم ہونے تک، آپ کا/کی اسپانسر معاشی طور پر آپ کا بار اٹھانے کے لیے ذمہ دار ہوگا/گی۔ اگر آپ کا/کی اسپانسر، مزید بوجھ نہ اٹھائے یا اٹھانے سے قاصر ہو تو آپ اپنا گزارہ کرنے کے لیے سماجی تعاون کے لیے درخواست دے سکتی ہیں۔

یہ بات ذہن میں رکھنا بے حد اہم ہے کہ آپ کی دو سالہ مشروط مدت کے دوران اگر امیگریشن آفیشلز کے خیال میں مطلوبہ شرائط پوری نہ ہو رہی ہوں تو وہ آپ سے ثبوت فراہم کرنے کی درخواست کر سکتے ہیں جن سے یہ ثابت ہوتا ہو کہ آپ قواعد کی پابندی کر رہے ہیں۔ حکومت بھی اپنے اطمینان کے لیے اپنے طور پر گاہے بگاہے یہ جانچ کر سکتی ہے کہ اسپانسر ابھی تک اپنے اسپانسر شدہ ساتھی کے ساتھ حقیقی رشتے میں زندگی گزار رہا ہے۔

آپ کی دو سالہ مدت ختم ہونے کے بعد بھی اگر حکومت کے علم میں یہ بات آئے کہ آپ نے شرائط پر عمل نہیں کیا تھا تو وہ اس سلسلے میں تحقیق و تفتیش کر سکتے ہیں۔ اگر ان کی تحقیق کے نتیجے میں یہ بات سامنے آئے کہ آپ نے شرائط پر عمل نہیں کیا تو آپ اپنی مستقل رہائش کا حق کھو سکتی ہیں۔ ایسی صورت حال میں آپ کے پاس یہ موقع ہوگا کہ آپ امیگریشن آفیشل سے بات چیت کریں اور مستقل رہائشی کی حیثیت واپس لیے جانے سے قبل پیش ہو کر اپنی صفائی پیش کریں۔

پناہ گزین اور تحفظ کے ضرورت مند افراد

اگر آپ کینیڈا میں ہوں اور تفتیش و تحقیق کے نتیجے میں یہ بات سامنے آئے کہ آپ اقوام متحدہ کے کنونشن کے تحت پناہ گزین (کنونشن ریفیوجی) ہیں یا آپ کو تحفظ کی ضرورت ہے تو آپ کو صرف رشتہ ختم ہونے کی وجہ سے کینیڈا سے نہیں نکالا جا سکتا۔

اگر آپ نے اپنے ساتھی کے ساتھ پناہ گزینی کے لیے درخواست دی تھی اور آپ رشتہ ختم کرنا چاہتی ہیں تو آپ پناہ گزینی کی پیشی سے قبل اپنی درخواست اپنے ساتھی کی درخواست سے علیحدہ کر سکتی ہیں۔ ایسا کرنے کے لیے آپ کو اپنے وکیل کی خدمات حاصل کرنا ہوں گی۔ آپ کو اپنے وکیل کو یہ بتانا ہوگا کہ آیا آپ کے ساتھی نے آپ کے ساتھ بدسلوکی کی ہے یا آپ سے کسی دستاویز پر زبردستی دستخط لیے ہیں یا آپ اپنے آبائی ملک میں اپنے ساتھی یا خاندان کے افراد سے خوفزدہ ہیں۔

اگر آپ کی پناہ گزینی کی درخواست مسترد کر دی جائے تو آپ اس فیصلے کے خلاف، ریفیوجی اپیل ڈویژن (Refugee Appeal Division – RAD) میں اپیل دائر کر سکتی ہیں۔ اپیل دائر کرنے اور اپنے تمام دستاویزات جمع کروانے کے لیے بہت محدود مدت دی جاتی ہے۔
پناہ گزینی کی درخواست جمع کروانے والے تمام افراد کو RAD تک رسائی حاصل نہیں ہوتی۔
مثلاً، آپ اس صورت میں RAD میں اپیل دائر نہیں کر سکتیں جب آپ کا تعلق مخصوص کردہ (محفوظ) آبائی ملک (Designated Country of Origin - DCO) سے ہو۔

حکومت نے چند ممالک کی ایک فہرست تشکیل دی ہے جنہیں وہ "محفوظ" خیال کرتی ہے اوراس فہرست کو مخصوص کردہ آبائی ممالک **(Designated Countries of Origin – DCO)** کہا جاتا ہے۔ یہ جاننا بے حد اہم ہے کہ آپ کا تعلق DCO سے ہے یا نہیں کیونکہ DCO کے شہریوں کی جانب سے پناہ گزینی کے لیے دی جانے والی درخواستوں کے لیے وقت بہت محدود ہوتا ہے اور آپ کی درخواست مسترد ہونے کی صورت میں بھی آپ کے اختیارات محدود ہوتے ہیں۔ اس صورت میں آپ کو فوری طور اپنے امیگریشن کے وکیل سے صلاح و مشورہ کرنا چاہئے۔

بغیر کسی قانونی حیثیت کے

یہ ہو سکتا ہے کہ آپ کینیڈا میں بغیر کسی قانونی حیثیت کے قیام پذیر ہوں۔ ایسا اس صورت میں ہوتا ہے اگر آپ کے وزٹ یا اسٹوڈنٹ ویزے کی میعاد ختم ہوگئی ہو، یا اگر آپ کی پناہ حاصل کرنے کی درخواست مسترد کردی گئی ہو یا آپ ملک میں غیر قانونی پر داخل ہوئی ہوں۔ اگرچہ عائلی قوانین کے تحت آپ کے حقوق دیگر خواتین کے مساوی ہیں، تاہم امیگریشن کے افسران کی نظروں میں آنے کی صورت میں آپ کو ملک بدر کیا جا سکتا ہے۔ آپ خواتین کے مقامی اداروں یا دارالامان سے مدد حاصل کر سکتی ہیں۔

اگر آپ اپنے ساتھی یا آبائی ملک میں خاندان کے افراد سے خوفزدہ ہیں، تو اپنے وکیل سے صلاح و مشورہ کریں کہ پناہ کے لیے درخواست دینا ممکن ہے یا نہیں۔

انسانیت اور رحم دلانہ سلوک کی درخواست
(Humanitarian and Compassionate – H and C)

اگر آپ کے پاس کوئی قانونی حیثیت نہ ہو یا آپ کی شہریت خطرے میں ہو تو ایک طریقہ کار یہ بھی ہو سکتا ہے کہ **انسانیت اور رحم دلانہ سلوک (Humanitarian and Compassionate – H and C)** کی درخواست جمع کروائی جائے۔ H and C درخواست خصوصی صورت حال میں استعمال کی جاتی ہے تاکہ حکومت سے کینیڈا میں قیام کی اجازت حاصل کی جا سکے۔ H and C کی درخواست دائر کرنے سے ملک بدر کیے جانے کا خطرہ نہیں ٹلتا۔ آپ کو جتنی جلدی ممکن ہو سکے، قانونی مشورہ حاصل کرنا چاہئے۔ آپ کی صورت حال کے حساب سے یہ ممکن ہے کہ آپ کو امیگریشن کے دیگر حقوق دستیاب ہوں۔

اگر آپ کے رشتے میں بد سلوکی کا عنصر شامل تھا تو آپ کو اپنی درخواست میں یہ بتانا ہوگا کہ آپ کے ساتھ کیا حالات پیش آئے۔ چند سوالات جو H and C میں زیر غور لائے جاتے ہیں وہ مندرجہ ذیل ہیں:

- کیا آپ کا کینیڈا سے ایک مضبوط تعلق ہے؟
- کیا آپ معاشی طور پر خود انحصار ہیں؟
- کیا اپنے آبائی ملک واپس بھیجے جانے کی صورت میں آپ کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا؟

امیگریشن کے افسران کو H and C کی درخواست سے متاثر ہونے والے بچوں کے حوالے سے بھی غور کرنا ہوگا کہ وہ کینیڈا میں پیدا ہوئے یا نہیں۔

اگر آپ نے پناہ کے لیے درخواست دی ہوئی ہے اور فیصلے کی منتظر ہیں تو آپ H and C کے تحت درخواست نہیں جمع کروا سکتیں۔ اگر آپ کی پناہ گزینی کی درخواست مسترد ہوجائے تو مسترد کیے جانے کے فیصلے کی تاریخ سے 12 ماہ تک آپ H and C کی درخواست نہیں دے سکتیں الا یہ کہ آپ ثابت کر سکیں کہ آپ کی جان خطرے میں ہے کیونکہ:

- آپ کے آبائی ملک میں مناسب صحت یا طبی نگہداشت دستیاب نہیں؛ یا
- آپ کے کینیڈا سے ملک بدر کیے جانے کی صورت میں آپ کا بچہ متاثر ہوگا۔ ضروری نہیں کہ یہ آپ کا اپنا بچہ ہو – کوئی ایسا بچہ بھی ہوسکتا ہے جس سے آپ کا رشتہ ہو اور وہ آپ کی غیرموجودگی سے بلا واسطہ متاثر ہو۔

ایک وکیل آپ کو یہ فیصلہ کرنے میں مدد دے سکتا ہے کہ آپ کی صورت حال میں بہترین طریقہ کار کیا ہوگا۔

گھریلو تشدد اور بدسلوکی

رشتے کئی وجوہات کی بناء پر ٹوٹتے ہیں۔ ان میں سے ایک وجہ آپ کے ساتھی کی جانب سے کیے جانے والا تشدد یا بدسلوکی ہے۔ اگر آپ امیگریشن افسران کو بتائیں کہ آپ اپنے ساتھی یا خاندان کے کسی فرد کی جانب سے زیادتی یا تشدد کا شکار ہوئی ہیں تو وہ، کینیڈا میں قیام کے لیے آپ کی شہریت کی درخواست پر کاروائی کرتے وقت ان نکات کو ذہن میں رکھیں گے۔

اگر آپ کا ساتھی تشدد یا زیادتی کر رہا ہے تو مزید معلومات کے لیے، زیادتی کا شکار خواتین کی ہیلپ لائن پر مندرجہ ذیل نمبروں پر کال کریں:

416-863-0511

1-866-863-0511 (ٹول فری)

(TTY) 1-866-863-7868

اگر آپ کو فوری طور پر کوئی خطرہ ہو تو پولیس سے رابطہ کریں (911 ڈائل کریں)۔

پولیس کی مدد حاصل کرنا

خواتین کے ساتھ بدسلوکی کینیڈا میں خلاف قانون ہے۔ اگر پولیس کے خیال میں آپ کے ساتھی نے آپ پر حملہ کیا ہے تو وہ اس پر جرم کا الزام عائد کریں گے۔ اگر آپ نہ بھی چاہیں تب بھی جرم کا الزام عائد کیا جائے گا۔ اگر پولیس کے خیال میں آپ نے بھی اپنے ساتھی پر حملہ کیا ہو تو آپ پر بھی الزام عائد کیا جا سکتا ہے۔

اگر آپ پر الزام نہ بھی عائد کیا جائے تو اس صورت میں بھی پولیس، کراؤن کونسل (حکومتی وکیل)، یا دیگر عدالتی حکام کے علم میں یہ بات آسکتی ہے کہ آپ کی کینیڈا میں کوئی قانونی حیثیت نہیں اور وہ امیگریشن کے افسران کو آگاہ کر سکتے ہیں۔ ایسا ہونے کی صورت میں آپ کو تحویل میں لے کر ملک بدر کیا جا سکتا ہے۔

مجرمانہ عزائم کسی بھی فرد کی شہری حیثیت کو متاثر کر سکتے ہیں اور اس کا نتیجہ ملک بدری کی صورت میں نکل سکتا ہے، چاہے آپ مستقل رہائشی ہی کیوں نہ ہوں۔ مستقل رہائشیوں کو بعض جرائم کے ثابت ہونے کی صورت میں ملک بدر کیا جا سکتا ہے۔ اگر آپ کے ساتھی کو ملک سے نکال دیا جائے اور وہ آپ کو اسپانسر کر رہا تھا/رہی تھی، تو آپ کے قیام کی حیثیت بھی متاثر ہو سکتی ہے۔ اگر آپ کینیڈا کی شہری نہیں اور آپ پر کسی فوجداری جرم کا الزام عائد کیا گیا ہے تو آپ کو فوری طور پر امیگریشن اور وکیل صفائی سے قانونی مشورہ حاصل کرنا چاہئے۔

عائلی قوانین سے متعلق تارکین وطن خواتین کے دیگر مسائل

اگر آپ اور آپ کا/کی ساتھی کسی دیگر ملک سے کینیڈا آئے ہوں، تو آپ یا آپ کے/کی ساتھی کا کینیڈا چھوڑنے کی صورت میں علیحدگی کے وقت عائلی قوانین مزید پیچیدہ ہو سکتے ہیں۔

آپ کو درج ذیل عمومی مسائل کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے:

- بچوں کے ساتھ منتقلی
- بچوں کے ساتھ سفر
- بچوں کا اغواء ہوجانا
- کسی ایسے فرد سے معاشی تعاون کا حصول جو اونٹاریو سے باہر رہتا ہو

بچوں کے ساتھ منتقلی، سفر یا بچوں کے اغواء ہوجانے کے حوالے سے مزید معلومات حاصل کرنے کے لیے ہمارا کتابچہ بعنوان "بچوں کی تحویل اور رسائی" (Child Custody and access) دیکھیں۔

معاشی تعاون کے حصول کے حوالے سے مزید معلومات کے لیے ہمارا کتابچہ بعنوان "بچوں کا خرچہ" اور "شریک حیات کا خرچہ" دیکھیں۔

The Law Foundation of Ontario
Building a better foundation for justice in Ontario

Ontario

- اس مواد میں پیش کردہ آراء FLEW کی اپنی آراء ہیں اور لازمی نہیں کہ یہ صوبائی حکومت کی آراء کی عکاسی کریں۔
- اگرچہ اس مواد کی طباعت کے لیے لاء فاؤنڈیشن آف اونٹاریو کی جانب سے معاشی تعاون کیا گیا ہے، تاہم یہ ضروری نہیں کہ یہ مواد فاؤنڈیشن کے خیالات کی عکاسی کرے۔

قریبی رشتے کے ختم ہونے کی صورت میں تشدد کا امکان زیادہ ہوتا ہے۔ اگر آپ کو فوری خطرہ درپیش ہو تو 911 پر کال کریں۔ اگر کوئی ایسا شخص خطرے میں ہو جسے آپ جانتے /جانتی ہوں تو تعاون کے حصول کی خاطر معلومات حاصل کرنے کے لیے FLEW کی ویب سائٹ پر جائیں۔

اگر آپ فرینکوفون (فرانسیسی بولنے والی) خاتون ہیں اور اونٹاریو میں رہائش پذیر ہیں تو آپ کو عائلی قوانین سے متعلق عدالتی کاروائی کے لیے فرانسیسی زبان کی خدمات کے حصول کا حق حاصل ہے۔ اپنے حقوق کے حوالے سے مزید معلومات حاصل کرنے کے لیے وکیل، کمیونٹی لیگل کلینک یا 1-877-336-2433، TTY 1-866-860-7082 پر فیمیڈ سپورٹ سے رابطہ کریں۔

فرانسیسی زبان میں خدمات تک رسائی حاصل کرنے کے حوالے سے مزید معلومات آپ کو ہماری ویب سائٹ www.onefamilylaw.ca یا www.undroitdefamille.ca سے مل سکتی ہے۔

دستیاب فیملی لا کے موضوعات*

1. جھگڑے کا متبادل حل اور خاندانی قانون (URD 001)
2. بچوں کی حفاظت اور فیملی لا ء (URD 002)
3. بچوں کی امداد (URD 003)
4. مجرم اور فیملی لاء (URD 004)
5. نگرانی اور ملاقات (URD 005)
6. گھریلو معاہدے (URD 006)
7. فیملی لاء ثالثی (URD 007)
8. **مہاجرین، پناہ گزین اور بلا حیثیت عورتوں کے فیملی لاء کے مسائل (URD 008)**
9. اپنے فیملی لاء کے مسائل کیلئے مدد کی تلاش (URD 009)
10. فیملی لاء میں جائداد کیسے تقسیم ہوتی ہے (URD 010)
11. شادی اور طلاق (URD 011)
12. زوجی خرچہ (URD 012)

*یہ کتابچہ کئی فارمیٹس اور زبانوں میں دستیاب ہے۔ براہ مہربانی مزید معلومات کے لیے www.onefamilylaw.ca دیکھیں۔ آپ ویب سائٹ پر اضافی مواد بھی دیکھ سکتی ہیں جس سے آپ کو عائلی قوانین کے تحت اپنے حقوق سمجھنے میں مدد مل سکتی ہے۔

flew Family Law Education for Women
Women's Right to Know

fodf Femmes ontariennes et droit de la famille
Le droit de savoir